© rasailojaraid.com



آزادی میں ان کی شمولیت، عیسائی پادریوں کے تعاقب میں ان کی خدمات اور پھر ہجرت اور اس کے بعد میں مدرسہ صولتیہ کے قیام کے حالات پر معلوماتی مضامین شامل کیے گئے ہیں۔ ایک سو ساٹھ صفحات پر مشتمل اس خصوصی نمبر کی قیمت الگ درج نہیں ہے البتہ "الاشرف" کا سالانہ زرخریداری ستر روپے اور فی شمارہ سات روپے ہے اور الاحمد مینشن ۱۳۔ بی، گلشن اقبال کراچی سے شائع ہوتا ہے۔

## ماہنامہ نوائے قانون (سود نمبر)

اسلامی قوانین اور ان سے متعلقہ مسائل و امور پر اسلام آباد سے "نوائے قانون" کے نام سے ایک ماہوار جریدہ گذشتہ دو سال سے شائع ہو رہا ہے جس کی ادارت کی ذمہ داریاں جناب ڈاکٹر عبد المالک عرفانی کے سپرد ہیں۔ ڈاکٹر صاحب موصوف کی قانون اور اس کے اسلامی تقاضوں پر گہری نظر ہے اور اسلامی نظریاتی کونسل میں قوانین اسلامی کی ترتیب و تدوین کے سلسلہ میں ان کی خدمات وقیع ہیں۔ زیر نظر شمارہ میں انہوں نے بڑی کاوش کے ساتھ سود اور اس سے متعلقہ امور پر ممتاز اصحاب قلم کی نگارشات اور اسلامی نظریاتی کونسل کی بعض اہم رپورٹیں یکجا شائع کر دی ہیں جن سے اس شمارہ کو ایک اہم دستاویز کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے۔ یہ شمارہ ایک سو چالیس صفحات پر مشتمل ہے جس کی قیمت تیس روپے ہے جبکہ نوائے قانون کا سالانہ زرخریداری ڈیڑھ سو روپے ہے اور اسے "دفتر ماہنامہ نوائے قانون کمرہ ۶، پہلی منزل ہاشم پلازا، ایف ۸ مرکز اسلام آباد سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## الخلافۃ الاسلامیۃ ام الدیمقراطیۃ الغربیۃ؟

سابق وفاقی وزیر مذہبی امور مولانا سید محمد مظہر ندوی نے زیر نظر رسالہ میں مغربی جمہوریت اور خلافت اسلامیہ کا تقابل کرتے ہوئے اس امر کی دلائل کے ساتھ وضاحت کی ہے کہ مسلم ممالک کے لیے ضروری ہے کہ وہ مغربی جمہوریت کے تسلط سے نجات حاصل کر کے خلافت اسلامیہ کے احیاء و نفاذ کی جدوجہد کریں اس کے ساتھ ہی انہوں نے احیاء خلافت کی جدوجہد کے ضروری تقاضوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ عربی زبان میں تحریر کردہ یہ رسالہ مکتبہ فروغ، شارع فاطمہ جناح حیدرآباد سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

---

محمدؐ پر نہ ہو ایمان جب تک — خدا پر کس طرح ہوگا کسی کو؟
اس ان دیکھے کو کوئی مانتا کیوں؟ — نہ دیکھا ہوتا گر روئے نبیؐ کو

بشیر رومی

© rasailojaraid.com